# موٹر سائیکل

**ہدایت:** صفحہ ۱ سے ۵ تک دیا گیا مواد زبانی تدریس کے لیے ہے۔ یہاں دی ہوئی نظموں کو استاد زبانی یاد کر کے پہلے سیدھی سادی لے میں پڑھے اور طلبہ صرف سنیں۔ دوسری مرتبہ استاد لے کے بغیر سنائے۔ تیسری مرتبہ استاد ایک ایک مصرعہ پڑھے اور طلبہ دُہرائیں۔ چوتھی مرتبہ استاد اور طلبہ مل کر پڑھیں۔

پھٹ پھٹ پھٹ پھٹ کرنے والی
میلوں کا دَم بھرنے والی

آن بڑی ہے، شان بڑی ہے
دو پہیّوں میں جان بڑی ہے

جنگل بستی شور مچاتی
سڑکوں پر ہے دوڑ لگاتی



دانہ چارا کچھ نہیں کھاتی
پھر بھی کوسوں دوڑ کے جاتی

تھک جانے کا نام نہیں ہے
بیٹھے رہنا کام نہیں ہے

سر پَٹ دوڑ کے جانے والی
جَھٹ پَٹ کام بنانے والی

(وفاؔ فرخ آبادی)

